Alberta

نیوز ریلیز

البرٹا کلچر ڈیز کی اسپانسرڈ تقریبات کا اعلان کر دیا گیا

05 اگست، 2022ء

ستمبر، صوبے کا آرٹس، ورثے، تنوع اور کمیونٹی کے جذبے کا ایک ماہ تک جاری رہنے والا جشن البرٹا بھر میں 100 سے زائد مُفت سرگرمیاں پیش کرے گا۔

البرٹا 1 ستمبر، 1905ء کو ایک صوبہ بنا، اور حکومت نے اس کی سالگرہ کو تسلیم کرنے اور صوبے کا جشن منانے کے لئے 1 ستمبر کو البرٹا ڈے کے طور پر نامزد کیا ہے۔ اس سال کا افتتاحی البرٹا ڈے ہمارے صوبے کی ثقافتی، معاشی اور تاریخی انفرادیت کی تصدیق کرنے کے طریقے اور ذرائع پیدا کرے گا۔

وزارتِ ثقافت اور اسٹیٹس آف وومن نے حال ہی میں صوبے بھر کی تنظیموں کو البرٹا کلچر ڈیز کی تقریبات کی میزبانی کے لیے 104 گرانٹس سے نوازا ہے۔ تقریباً 350,000 ڈالر درخواست دہندگان میں تقسیم کئے گئے ہیں جو اپنی کمیونٹیز میں تقریبات کی میزبانی کر رہے ہیں۔ تقریبات منانے والی پانچ خد و خال والی جگہوں کو تین دن کی مُفت، خاندان دوست تقریبات کی میزبانی کے لئے سرمایہ وصول ہوا۔ میزبانی کی کل 71 جشن منانے والی جگہوں کو کم ازکم دو دن کی سرگرمیوں کی میزبانی کیلئے فنڈز موصول ہوئے اور پاپ آپ جشن کی 28 جگہوں کو ایک روزہ تقریبات کے لئے فنڈنگ موصول ہوئی۔

اس سال کی فیچر جشن منانے والی سائٹس مندرجہ ذیل ہیں:

- کیلگری چائنیز کلچرل سینٹر ایسوسی ایشن
- اینوک (Enoch) کری (Cree) نیشن
- آرٹس آن دی ایوایڈمنٹن سوسائٹی
- مرکز برائے تخلیقی آرٹس سوسائٹی آف گرانڈے پریری
- ہائی ریور پرفارمنگ آرٹس فاؤنڈیشن

"ثقافت ایک عظیم جوڑنے والی چیز ہے۔ یہ ہمیں ایک دوسرے کے بارے میں جاننے اور سمجھنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ ہمیں اپنے بارے میں جاننے اور اظہار کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔ خواہ وہ آرٹ شو میں شرکت کرنا ہو، چھوٹے شہر کے عجائب گھر کا دورہ کرنا ہو، عملی دستکاری کرنا ہو یا دیگر تقریبات میں شرکت کرنا ہو، اس سال کے البرٹا کلچر ڈیز ہر ایک کے لئے حقیقی طور پر کچھ نہ کچھ پیش کرتے ہیں۔ میں تمام البرٹنز کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس ستمبر میں کلچر ڈیز کی تقریبات کو اپنی کرنے کے لازمی کاموں کی فہرست کا حصہ بنائیں۔ یہ واقعی ایک یاد رکھنے والا مہینہ ہوگا۔"

رون اور (Ron Orr)، وزیرِ ثقافت

اسپانسر شدہ اور غیر اسپانسر شدہ تقریبات کی مکمل فہرست albertaculturedays.ca پر دستیاب ہے۔

فوری حقائق

- 2021ء میں تقریباً 225,000 البرٹنز نے ورچوئل اور ذاتی طور پر البرٹا کلچر ڈیز کی تقریبات میں حصہ لیا، جس میں 49 کمیونٹیز نے 924 تقریبات کی میزبانی کی۔
- البرٹا کلچر ڈیز کا آغاز 2008ء میں البرٹا کی آرٹس اور ثقافتی کمیونٹیوں کے جشن کے طور پر ہوا، جسے البرٹا آرٹس ڈیز کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- 2009ء میں، یہ ایک روزہ تقریب سے تین روزہ جشن میں تبدیل ہو گیا جس سے 2010ء میں نیشنل کلچر ڈیز کے قیام کو متحرک کرنے میں مدد ملی۔

- 2012ء میں، البرٹا آرٹس ڈیز کا نام بدل کر البرٹا کلچر ڈیز رکھا گیا۔

متعلقہ معلومات

- [البرٹا کلچر ڈیز]
- [البرٹا کلچر ڈیز کی تقریبات]

میڈیا انکوائریز

سواناح جوہینسن (Savannah Johannsen)

780-686-3521
پریس سیکریٹری، ثقافت اور اسٹیٹس آف وومن